Synopsis For Ph.D Research

مجوزہ خاکہ

جنوبی چھوٹاناگپور کی اردو شاعری میں
چھوٹاناگپور کے تہذیب کی عکاسی

برائے پی ایچ۔ڈی۔اردو

(2024ء)

مقالہ نگار

صدف کائنات

نگراں

ڈاکٹر محمد غالب نشتر

شعبۂ اردو

جے این کالج، دھروا

رانچی یونی ورسٹی، رانچی۔جھارکھنڈ-834004

موضوع کا تعارف اور مقصد Scope and Objective

مورخین کے مطابق جھارکھنڈ کی تاریخ کافی پرانی ہے۔صوبہ جھارکھنڈ کی زبانوں کو اُن کی خصوصیات کی بنیاد پر تین خاندانوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔دراویدی،آسٹرک اور آریہ۔دراویدی خاندان میں کڑک زبان کو خاص اہمیت حاصل ہے۔آسٹرک خاندان میں منڈاری، ہو، کھڑیا، سنتھالی وغیرہ آتے ہیں۔اسی طرح آریا خاندان میں ناگپوری، کرمالی، پنچ پرگنیا، کھورٹھا وغیرہ آتے ہیں۔تمام بولیوں اور زبانوں کو اُن کی خصوصیات کی بنیاد پر دو حصوں میں بانٹا گیا ہے۔(i) قبائلی زبانیں (ii) علاقائی زبانیں۔قبائلی بولیوں میں منڈاری، کھڑیا، ہو، سنتھالی اور کڑکھ کے نام آتے ہیں اور علاقائی بولیوں میں ناگپوری، کھورٹھا، کرمالی اور پنچ پرگنیا کے نام ہیں۔میرا مقالہ چوں کہ جھارکھنڈ کے کاص علاقے سے تعلق رکھتا ہے لہٰذا اس میں کوشش کی جائے گی کہ جنوبی چھوٹا ناگپور کے حوالے سے ہی بحث کی جائے۔جنوبی چھوٹا ناگپور کے تحت درج ذیل اضلاع آتے ہیں:

[i] رانچی (صدر)

[ii] لوہردگا

[iii] گملا

[iv] سمڈیگا

[v] کھونٹی

رانچی شہر کو ایک زمانے سے مرکزی حیثیت حاصل ہے اسی لیے یہاں کی ادبی فضا ہمیشہ سے

بنی رہی ہے۔آئے دن مشاعرے اور سمپوزیم ہوتے رہتے ہیں۔اسی اور نوے کے عشرے میں پروکاش فکری، وہاب دانش، صدیق مجیبی، اختر یوسف، ش اختر، پرویز رحمانی ایسے شعرا تھے جنھوں نے اپنی ادبی زندگی میں کئی اہم کارنامے انجام دیے اور بعد میں اپنے شاگردوں کو بھی تیار کیا جو اس فضا کو بہتر بنا سکیں۔سرور ساجد، انور ایرج، اظفر جمیل، عبدالسلام راجن، راشد انور راشد، دلشاد نظمی جیسے شعرا نے جنوبی چھوٹا ناگپور کی ادبی فضا کو خوشگوار بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔مندرجہ بالا شعرا نے نظم اور غزل دونوں اصناف میں طبع آزمائی کی ہے۔

مطالعہ کا جواز اور معنویت Rational and Significance of Study

اس موضوع پر کام کرنے کے فیصلے کے جواز میں پہلی بات میں کہہ سکتی ہوں کہ شعر و شاعری سے مجھے ذاتی لگاؤ اور دلچسپی ہے اور اس موضوع پر میں نے کچھ کام ایم اے کے زمانے میں بھی کیا ہے۔یہ موضوع ہمیشہ میرے دل کے قریب رہا ہے۔موضوع کا انتخاب میں نے اپنے اساتذہ کرام کے صلاح و مشورے بلکہ اُن کی ایما پر کیا ہے اور دوسری اہم وجہ یہ ہے کہ میرے علم کے مطابق اس موضوع پر اب تک کوئی کام نہیں ہوا ہے۔جھارکھنڈ میں اردو شاعری کے حوالے سے بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن جنوبی چھوٹا ناگپور کو بنیاد بنا کر کوئی ایسا مقالہ ابھی تک نہیں لکھا جا سکا ہے جب کہ یہ علاقہ کافی زرخیز ہے۔چھوٹا ناگپور کی راجدھانی رانچی رہی ہے اور اس حوالے سے یہاں کی سرزمین اردو شعرا کے حوالے سے ہمیشہ سے متحرک بھی رہی ہے۔اس علاقے میں ایک درجن سے زائد شعرا موجود ہیں جن کے کلام کو ادبی دنیا میں نہایت ادب و احترام سے دیکھا جاتا ہے اور یہ آج کی بات نہیں ہے بلکہ ترقی

پسندی کے زمانے سے ہی کئی ایسے شعرا موجود تھے جن کی اُس زمانے میں قدر و منزلت تھی۔ جدیدیت کے زمانے میں وہاب دانش، اختر یوسف اور پرکاش فکری نے بھی اپنے ہونے کا ثبوت دیا۔ اکیسویں صدی میں بھی جنوبی چھوٹا ناگپور میں اردو شعر و ادب میں کمی نہیں آئی ہے بلکہ یہ سلسلہ دراز ہوتا جا رہا ہے۔ مجموعی طور پر یہ بات کہہ سکتی ہوں کہ اس موضوع پر کام کر کے کئی اہم شعرا کے ساتھ انصاف کیا جا سکے گا۔ اسی بنیادی جواز کے تحت اس موضوع کا انتخاب کیا گیا ہے۔

مطالعے کے مفروضات Hypothesis of the Study

تحقیقی مقالے کا موضوع خواہ کچھ بھی ہو اُس کے لیے ایک خاکہ بنانا ضروری ہوتا ہے تاکہ مطالعہ مناسب رخ اور نہج پر کیا جا سکے۔ اس عمل سے مطالعے کے دوران حشو و زائد سے تحقیق کنندہ محفوظ ہوتا ہے اور متعلقہ مباحث کے دوران اُسے صحیح سمت میں آگے بڑھنے میں مدد ملتی ہے۔ کچھ چھوٹ جانے اور مطالعہ کے گڈمڈ ہو جانے سے بھی لازمی طور پر نجات مل جاتی ہے۔ پیش نظر موضوع ''جنوبی چھوٹا ناگپور کی اردو شاعری میں چھوٹا ناگپور کے تہذیب کی عکاسی'' کے تحت بھی مطالعے کی ابتدائی مفروضات بالکل واضح ہیں۔ یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ شاعری اردو ادب کی روح ہے اور شاعری کے حوالے سے ہی اردو ادب کی بنیادی پہچان ہے۔ مطالعے کے مفروضات کی روشنی میں جو خاکہ تجویز کیا گیا ہے، وہ موضوع کے تمام ضروری پہلوؤں کا احاطہ کرنے کی ہر ممکن صلاحیت رکھتا ہے۔ اس مجوزہ خاکے میں اس بنیادی پہلو کا بھی مناسب خیال رکھا گیا ہے۔ اس خاکے میں تمہید کے بعد پانچ ابواب ہوں گے اور آخر میں حاصل مطالعہ کے ساتھ کتابیات کو جگہ دی گئی ہے۔

مقالے کا پہلا باب ’’ جنوبی چھوٹا نا گپور کا تاریخی ،جغرافیائی اور تہذیبی پس منظر‘‘ کے حوالے سے ہے۔اس باب میں صوبۂ جھارکھنڈ کے پس منظر کو واضح کیا جائے گا۔ساتھ ہی اس کی تاریخی اورتہذیبی پس منظر پر بھی روشنی ڈالی جائے گی تا کہ جھارکھنڈ کا ادبی منظرنامہ سامنے آسکے۔

مقالے کا دوسرا باب ’’جنوبی چھوٹا نا گپور کی تہذیب کے خصائص‘‘ پر مشتمل ہے جس میں مجموعی طور پر اُن شعرا کے حوالے سے بات کی جائے گی جنھوں نے مشترکہ تہذیب میں اپنا نمایاں رول ادا کیا ہے۔

مقالے کا تیسرا باب ’’ جنوبی چھوٹا نا گپور کی اردو شاعری کی مختصر تاریخ‘‘ کے حوالے سے ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ جھارکھنڈ کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔شمالی چھوٹا نا گپور،جنوبی چھوٹا نا گپور، سنتھال پرگنہ،کولہان اور پلاموں۔اس باب میں صوبۂ جھارکھنڈ کے بیشتر اہم شعرا کے حوالے سے گفتگو کی جائے گی اور وہاں کی ادبی فضا پر بھی گفتگو کی جائے گی۔

مقالے کا چوتھا باب ’’جنوبی چھوٹا نا گپور کی اردو شاعری میں چھوٹا نا گپور کی تہذیب کی عکاسی‘‘ ہے۔اس باب میں یہ دیکھنے کی کوشش کی جائے گی کہ وہ کون سے عوامل ہیں جن کی بنیاد پر یہاں کے شعرا کی عالمی سطح پر اہمیت ہے۔خواہ وہ ترقی پسندی کا زمانہ ہو یا جدیدیت و مابعد جدیدیت کے رجحان کا عہد۔اس باب میں انھی عوامل پر بات کی جائے گی۔جھارکھنڈ کے اردو شاعری میں چھوٹا نا گپور کی تہذیب کی عکاسی پر بھی بحث کی جائے گی۔اس کے علاوہ حاصل مطالعہ اور کتابیات کے ساتھ مقالہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔

ادب کاریویو Review of Literature

اس مقالے میں سنجیدہ علمی و تحقیقی گفتگو ہوگی جو استدلال پر مبنی ہوگی۔اس میں صرف منتخب موضوع کی انفرادیت اور خصوصیت کی باتیں نہیں ہوں گی بلکہ یہ مقالہ پیشکش اور حسن ترتیب کے اعتبار سے بھی قابل اعتنا اور لائق توجہ ہوگا۔چوں کہ یہ ایک نہایت اہم اور نیا موضوع ہے،اس مناسبت سے جو تحقیقی کام ہوگا،وہ علمی وہ ادبی اعتبار سے اپنی نوعیت اور اہمیت کا حامل ہوگا۔اس مقالے میں جدید اردو شاعری کے حوالے سے بحث کی جائے گی ساتھ ہی جنوبی چھوٹا ناگپور کے شعروادب پر بھی بات کی جائے گی۔مجموعی طور پر یہ تحقیقی مقالہ ہمیں جنوبی چھوٹا ناگپور میں اردو شاعری کی تفہیم کے حوالے سے موقع فراہم کرے گا۔

مطالعہ کا طریقۂ کار Methodology of the Study

پیش نظر موضوع ''جنوبی چھوٹا ناگپور کی اردو شاعری میں چھوٹا ناگپور کے تہذیب کی عکاسی'' پر تحقیقی کام کو انجام دینے کے لیے تحقیق کے اصول وضوابط پر سختی سے عمل کیا جائے گا تا کہ مقالے کے اعتبار پر کوئی حرف نہ آسکے۔مواد کی فراہمی مستعدی سے کی جائے گی اور جس کتاب سے بھی مواد فراہم کیے جائیں گے،اس کے مکمل حوالے لازمی طور پر درج کیے جائیں گے۔حواشی محولہ صفحہ کے فٹ نوٹ میں درج کیے جائیں گے۔موضوع کی مناسبت سے تمام متعلقہ کتابوں کی تفصیلات درج کر دی جائیں گی۔متعلقہ بنیادی ماخذ یعنی جدید شعرا کے شعری مجموعوں کا باریک بینی سے مطالعہ ہوگا۔اس کے بعد ثانوی ماخذ میں محققین ناقدین اور شعرائے کرام کے حوالے سے بات کی جائے گی۔اس ضمن میں

خصوصی شمارے اور انٹرویو بھی ہمارے پیش نظر ہوں گے اور سوانحی کوائف کے سلسلے میں شعرا کے متعلقین سے ملاقاتیں اور تاریخ ادب سے متعلق کتابوں کا مطالعہ بھی ہوگا۔ تحقیقی مواد فراہم کرنے کے لیے مختلف کتب خانوں سے استفادہ بھی کیا جائے گا۔ اس طرح اس طرح مواد کردہ تمام فراہم کردہ تمام مواد کے تجزیے اور استدلالی بحث و تمحیص کے بعد موضوع کا معروضی مطالعہ پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

خاکہ Chapterization

مجوزہ خاکے کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے مقالے کو درج ذیل ابواب میں تقسیم کیا جائے گا۔

ابتدائیہ

باب اول : جنوبی چھوٹا ناگپور کا تاریخی، جغرافیائی اور تہذیبی پس منظر

باب دوم : جنوبی چھوٹا ناگپور کی تہذیب کے خصائص

باب سوم : جنوبی چھوٹا ناگپور کی اردو شاعری کی مختصر تاریخ

باب چہارم : جنوبی چھوٹا ناگپور کی اردو شاعری میں چھوٹا ناگپور کی تہذیب کی عکاسی

باب پنجم : حاصل مطالعہ

حواشی Refrences

بنیادی ماخذ:

شمار	کتاب کا نام	شاعر کا نام	پبلشرز	اشاعت
1	نہ خیال ہوں نہ گمان ہوں	انور ایرج	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	2023
2	وناش یاترا	ش اختر	اردو مرکز، عظیم آباد	2004
3	لب مماس	وہاب دانش	اردو مرکز، عظیم آباد، پٹنہ	1999
4	ریت پر دوڑتے قدم	وہاب دانش	انعم پبلی کیشنز، رانچی	2015
5	شجر ممنوعہ	صدیق مجیبی	اردو مرکز، عظیم آباد، پٹنہ	1996
6	سفر ستارہ	پرکاش فکری	اردو مرکز، عظیم آباد، پٹنہ	1996
7	شوق سفر	اظفر جمیل	اقبال فاؤنڈیشن، رانچی	2018
8	گلشار	پرویز رحمانی	رنگ پبلی کیشنز، دھنباد	2014
9	کہرے میں ابھرتی پرچھائیں	راشد انور راشد	عرشیہ پبلی کیشنز، نئی دہلی	2012
10	گیت سناتی ہے ہوا	راشد انور راشد	عرشیہ پبلی کیشنز، نئی دہلی	2015
11	دھند کے آس پاس دھوپ	اختر یوسف	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	2023
12	دو کنارے	سرور ساجد	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	2022
13	پل صراط کے آگے	صدیق مجیبی	انعم پبلی کیشنز، رانچی	2015

1

14	شام ہوتے ہی	راشد انور راشد	خواب پبلی کیشنز، علی گڑھ	2007
15	کوئی ایک لمحہ رقم نہیں	دلشاد نظمی	کمال پبلی کیشنز، جبل پور	2024
16	ایک ذرا سی بارش	پرکاش فکری	سن فلاور پبلشنگ، جمشید پور	2004
17	کہرا کہرا دھوپ	اختر یوسف	صندید پبلی کیشنز، رانچی	1978
18	درد دل	مسعود جامی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	2018
19	نوائے ساز دل	حیرت فرخ آبادی	رانچی	1987
20	حسن التماس	حیرت فرخ آبادی	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	2015
21	آداب سخن	ہارون خمار	ہمارا پریس، رانچی	2023
22	غبار جاں	قدرت اللہ	رنگ پبلی کیشنز، دھنباد	2019
23	عکس جمال	اشرف جمال	عظیم بک ڈپو، دیوبند	2018
24	پہلا سفر	نصیر افسر	حالی پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	2015
25	شعور سخن	عزیز حمزہ پوری	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی	2022
26		جالب وطنی		
27	لفظ لفظ خوشبو	اختر رانچوی	ہمارا پریس، رانچی	2014
28	کاغذی چھتری	سرور ساجد	نظیر خاں لین، رانچی	1991
29	رات کے روپ بہت	سرور ساجد	عہد نامہ پبلی کیشنز، رانچی	1999

ثانوی ماخذ

نمبر	کتاب کا نام	مصنف	پبلشر	اشاعت
1	تاریخ ادب اردو	وہاب اشرفی	ایجوکیشنل پبلشنگ، دہلی	2007
2	جھارکھنڈ میں اردو غزل	مقبول احمد	انجمن، نیا ٹولی، رانچی	1993
3	جھارکھنڈ کی کتابوں کا اشاریہ	سرور ساجد	عرشیہ پبلی کیشنز، نئی دہلی	2011
4	جھارکھنڈ کے اہم قلمکار	ظہیر غازی پوری	نرالی دنیا پبلی کیشنز، دہلی	2009
5	جھارکھنڈ کے غیر مسلم فنکار	نزہت پروین	گرافک پرنٹ، کولکاتا	2013
6	جھارکھنڈ میں شاعری کی۔۔	احمد سجاد	مرکز ادب و سائنس، رانچی	2011
7	جھارکھنڈ کے نظم گو شعرا	ش اختر	ہمارا پریس، ڈورنڈا	2014
8	اردو نظم (فن اور ارتقائی مراحل)	راشد انور راشد	براؤن بکس، علی گڑھ	2021
9	آزادی کے بعد اردو نظم	شمیم حنفی رمظہر مہدی	قومی کونسل، نئی دہلی	2005
10	کہکشاں	وارث علوی	قومی کونسل، نئی دہلی	2019
11	جدید غزل	رشید احمد صدیقی	سرسید بک ڈپو، علی گڑھ	1955
12	اردو غزل	یوسف حسین خان	مکتبہ جامعہ، دہلی	1952

Research Scholar

Sadaf Kainat

Supervisor

Dr.Mohd Ghalib Nashtar
Assistant Professor
Department of URDU
J.N.College,Ranchi - 834004

Synopsis for Ph.D

Submitted in the Department of Urdu

Ranchi University,Ranchi

2024

جنوبی چھوٹا ناگپور کی اردو شاعری میں چھوٹا ناگپور کے تہذیب کی عکاسی

JUNOOBI CHHOTA NAGPUR KI URDU SHAIRI MEIN CHHOTA NAGPUR KE TAHZEEB KI AKKASI

Submitted by:

Sadaf Kainat

Under the Supervision of:

Dr.Mohd Ghalib Nashtar

Assistant Professor

Department of URDU

J.N.College,Ranchi - 834004 (Jharkhand)